مجلس طبّی علاج کی طے شدہ شرائط میں مدنی قافلہ کی وضاحت

مدنی قافلہ : بعض اوقات عاشقانِ رسول (اجیر) مدنی قافلے میں جمعہ کی نماز پڑھ کر یا پڑھا کے شرکت کرتے ہیں، دورانِ مدنی قافلہ رات گھر چلے جاتے ہیں، اتوار ظہر کے بعد ہی واپس چلے آتے ہیں، گھر سے قریبی قافلے میں سفر کے دوران گھر آنا جانا لگا رہتا ہے، اجیر اسلامی بھائی ایسا نہ کریں بلکہ باپا کے فرمان کے مطابق 3 دن یعنی مکمل 72 گھنٹے کا مدنی قافلہ کریں، تاہم عرفاً صبح بعد اشراق وچاشت روانگی اور تیسرے دن عشاء کی نماز کے بعد واپسی کی ترکیب ہو (اسکو مدنی قافلہ شمار کیا جائے گا)، اور عرف سے ہٹ کر عمل کو مدنی قافلے میں شرکت نہ مانا جائے۔

تمام شعبہ جات کے ذمہ داران بالخصوص اراکین مجلس اور مجلس مدنی قافلہ اور تربیت گاہ والے اسلامی بھائی توجہ فرمائیں

مختلف اوقات میں راہ خدا عزوجل میں سفر کرنے والے عاشقانِ رسول کی مدنی قافلے میں سفر کا تصدیق نامہ پر دستخط کرنے اور مہر لگانے سے پہلے مذکورہ شرط کو پیش نظر رکھ کر معلومات کر کے اطمینان قلب کرلیں تاکہ غلط تصدیق کا امکان نہ رہے۔ علاج کا تمام تر دارومدار آپ کی تصدیق پر ہے۔

یاد رہے ! ہر ذمہ دار "**امین**" ہے۔

دانستہ غلط تصدیق کرنا "**منصب امانت**" کے منافی ہے۔

لہٰذا اگر کسی بھی ذمہ دار سے اس طرح کی تصدیق کا ثبوت ہوا تو شرعی رہنمائی لیکر اس ذمہ دار کو ان کے منصب سے معزول کیا جاسکتا ہے۔

مجلس طبّی علاج پاکستان (دعوتِ اسلامی)

میل کرنے کی تاریخ 25 محرم الحرام 1436 بمطابق 19 نومبر 2014